## سوال

(878) میں پشاب کر رہا تھا، جب پشاب ختم ہوگیا تو     الخ

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جناب میری عمر بیس (۲۰) سال ہے میں نے پچھلی رات کو ایک عجیب خواب دیکھا، خواب میں، میں نے دیکھا کہ میں پشاب کر رہا تھا، جب پشاب ختم ہوگیا تو بعد میں میں نے دیکھا کہ پشاب والی جگہ سے خون جاری ہوا۔

۲۔ دوسرا خواب مجھے کچھ اس طرح آیا کہ میرا ایک دوست ہے میں نے خواب میں دیکھا کہ میں ان کی شادی پر گیا ہوں، بارات بھی کافی تھی تو جب ہم لڑکی کے گھر پہنچے تو اُدھر بالکل اطلاع نہیں تھی۔

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آپ کوئی کام خلافِ فطرت کر رہے ہیں یا کرنا چاہتے ہیں لہٰذا اس کام کو نہ کریں ورنہ انجام خطرناک ہوگا۔

۲۔ آپ کا دوست کوئی شادی یا کوئی اور کام خلافِ فطرت کر رہا ہے یا کرنا چاہتا ہے لہٰذا وہ اس کام کو نہ کرے ورنہ انجام ذلت ورسوائی، جگ ہنسائی کا سامنا کرنا ہوگا۔ واللہ اعلم

۱۷۔۷۔۱۴۲۳ھ

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

**جلد02 ص822**

محدث فتویٰ